# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ ارلی چائلڈ ھڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذھن نشین کر لیں کہ :**

1- **کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری (Plagiarism) پالیسی" کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

2- **اگر آپ اپنی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

| امتحانی مشقیں جمع کروانے کا شیڈول | | | |
|---|---|---|---|
| چھ کریڈٹ آورز | مقررہ تاریخ | تین کریڈٹ آورز | مقررہ تاریخ |
| مشق نمبر 1 | 15-12-2025 | ---- | ---- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2026 | مشق نمبر 1 | 08-01-2026 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2026 | ---- | ---- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2026 | مشق نمبر 2 | 20-02-2026 |

**نوٹ:** ٹیوٹوریل شیڈول و رہنمائے طلبہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ویب سائٹ https://www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔

**کورس: علم التعلیم (312)**      **سمسٹر: خزاں، 2025ء**

**سطح: انٹرمیڈیٹ**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر 100      (یونٹ 1 - 4)      کامیابی کے نمبر 40

سوال نمبر 1۔ علم اور تعلیم میں کیا فرق ہے؟ مشرقی اور مغربی مفکرین کے مطابق تعلیم کی چند تعریفیں لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ تعلیم معاشرے کے لیے کیوں ضروری ہے؟ نیز اس کا معاشرتی اداروں سے تعلق واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ معاشرہ سے کیا مراد ہے؟ تعلیم کے ثقافتی اور اقتصادی پہلو تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ اسلامی تعلیم کے بنیادی اصول اور مقاصد بیان کریں۔ نیز اسلامی درسگاہوں کا نصاب اور طریقہ ہائے تدریس تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ تعلیمی نفسیات کا مفہوم بیان کریں اور ایک استاد کے لیے اس کی افادیت پر بحث کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر100 (یونٹ 5 - 9) کامیابی کے نمبر40

سوال نمبر1۔ بالیدگی سے کیا مراد ہے؟ نیز بچوں کی معاشرتی نشوونما کے مدارج تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ ایک استاد کو طلباء کے انفرادی اختلافات کے سلسلے میں کیا علم ہونا اور عمل کرنا ضروری ہے؟ (20)

سوال نمبر3۔ تعلّم کا مفہوم بیان کریں۔ نیز تعلّم کی خصوصیات اور قوانین بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ شخصیت کی جامع تعریف کریں اور ناقص شخصی تعمیر کی وجوہات تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ راہنمائی سے کیا مراد ہے؟ اس کے اصول اور مقاصد بیان کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر3

کل نمبر100 (یونٹ 10 - 13) کامیابی کے نمبر40

سوال نمبر1۔ پاکستان میں تربیت اساتذہ کے لیے کام کرنے والے پروگرامز میں کیا خرابیاں موجود ہیں؟ (20)

سوال نمبر2۔ پانچ سالہ تعلیمی منصوبوں کی ناکامی کے اسباب تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ قومی تعلیمی پالیسی ۲۰۰۹ء کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ نصاب کے بارے میں تفصیل سے لکھیں۔ نیز نصاب کی بنیادیں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ ابلاغ سے کیا مراد ہے؟ نیز اساتذہ، طلبہ اور والدین کے درمیاں مئوثر ابلاغ کیوں ضروری ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر4

کل نمبر100 (یونٹ 14 - 18) کامیابی کے نمبر40

سوال نمبر1۔ مئوثر تدریس کے بنیادی اصول کیا ہیں؟ ان اصولوں کا موجودہ تعلیمی نظام میں اطلاق کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ تدریس اور تعلّم میں کیا فرق ہے؟ تعلم کے کوئی پانچ اصول لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ انتظام و تنظیم سے کیا مراد ہے؟ مدارس کے لیے اس کی اہمیت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ کم عقلی کی علامات، اسباب اور تدارک تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ تعلیمی عمل میں جائزہ کی کیا اہمیت ہے؟ اسلامیات برائے جماعت پنجم کے دو ابواب پر مشتمل ۲۵ معروضی آزمائشیں تیار کریں۔ (20)